OHIO'S PATHWAYS
FOR A HIGH SCHOOL DIPLOMA

اوہائیو ہائی اسکول کا ایک ڈپلومہ حاصل کرنا

2020 کی کلاس

بحیثیت ایک طالب علم جو کہ 1 جولائی، 2016، اور 30 جون، 2017 کے درمیان گریڈ 9 میں داخل ہوئے، تو آپ کو ملٹیپل پاتھ-ویز (کئی طریقے) حاصل ہوں گے تاکہ آپ ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرسکیں اور آپ اپنی تعلیم یا کیریئر کے اگلے مرحلہ میں آگے بڑھ سکیں۔

- مخصوص مضامین میں آپ کو کم از کم 20 کریڈٹ لازماً مکمل اور حاصل کرنا ہوں گے۔ اضافی طور پر، اکنامکس اور مالیاتی خواندگی میں آپ کو لازماً تدریس حاصل کرنا ہو گی اور فائن آرٹس کے کم از کم دو سمسٹر مکمل کرنا ہوں گے۔ آپ کے ڈسٹرکٹ میں گریجویشن کے متعلقہ تقاضے مزید زیادہ ہوسکتے ہیں۔ یہ معلومات آپ کے اسکول کونسلر کے پاس ہوتی ہے۔

- آپ نے کیا سیکھا ہے آپ کو لازماً اس کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ اوہایو کے قانون میں تین پاتھ ویز (طریقے) ہیں۔

1. اوہائیو اسٹیٹ کے ٹیسٹس

ساٹ کورس-کے-اختتام پر اسٹیٹ ٹیسٹس میں کُل 35 میں سے 18 پوائنٹ حاصل کریں۔ آپ ہر ٹیسٹ میں آپ پانچ پوائنٹ تک نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو میتھس (ریاضی) میں کم از کم چار پوائنٹس، انگلش لینگویج آرٹس میں چار پوائنٹ اور سائنس اور سوشل اسٹڈیز ملا کر کل چھ پوائنٹس حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔

2. ورک فورس کے اہلیت ٹیسٹ میں انڈسٹری سے تسلیم شدہ اسکور اور کریڈنشیل کی ضرورت ہو گی۔

ورک کیز کے ٹیسٹ میں انڈسٹری سے تسلیم شدہ کریڈنشیل یا کسی گروپ کے کل 12 پوائنٹس کے کریڈینشیلز (اسناد) اور مطلوبہ اسکور حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایک دفعہ ٹیسٹ لینے کے لیے اوہائیو آپ کی ادائیگی کرتا ہے۔ بعض ڈسٹرکٹس صرف سینئر پروگرام کی پیشکش کرتے ہیں جس کے تحت آپ اسکول کے ایک سال کی مدت میں کریڈینشیلز (اسناد) حاصل کر سکتے ہیں۔

3. کالج اور کیریئر کے تیاری ٹیسٹس

ACT یا SAT پر میتھس اور انگلش لینگویج آرٹس میں ریمیڈیشن-فری اسکورز* حاصل کریں۔ آپ کا ڈسٹرکٹ ACT یا SAT میں سے کوئی ایک منتخب کرتا ہے۔ آپ گریڈ 11 میں ریاست بھر میں بلا معاوضہ ایک-بار ایک ٹیسٹ لے سکیں گے۔

*اوہائیو یونیورسٹی کے صدور ان اسکورز کا تعین کرتے ہیں، جو کہ تبدیل بھی ہو سکتے ہیں۔

- اگر آپ مذکورہ بالا تین پاتھ-ویز میں سے کسی ایک کو بھی پورا نہیں کرتے، تو اوہائیو کا قانون آپ کو دو اضافی اختیارات مہیا کرتا ہے تاکہ آپ ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کر سکیں۔ اس فیکٹ شیٹ کے عقبی جانب ان آپشنز کی وضاحت ہے۔

اپنی گریجویشن اور مستقبل کی کامیابی کی رہنمائی کے لیے اپنے اسکول کاؤنسلر سے اسکول سال کے ابتدا ہی میں جلد بات کریں۔

education.ohio.gov/graduation پر گریجویشن سے متعلق مزید تفصیلات معلوم کریں اور اپنے لئے گریجوایٹنگ کلاس سے متعلق سیکشن تلاش کریں۔

Ohio | Department of Education

اضافی گریجوایشن کے اختیارات (آپشنز) 2020 کلاسز کے لیے دستیاب ہیں

طالب علم جو 1 جولائی 2014، کے بعد 9 گریڈ میں داخل ہوئے ہوں، گریجوایشن کی نئی شرائط کے تحت ڈپلومہ حاصل کرنے والے سب سے پہلے طالب علم ہوں گے۔ ہائی اسکول کریکولم کے تقاضے قابل اطمینان طور پر پوری کرنے لیے مزید یہ کہ، اوہائیو میں طالب علموں کو ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے موجودہ تین پاتھ‌ویز میں سے کوئی ایک لازماً اختیار اور مکمل کرنا ہو گا۔

نئی ضروریات پر منتقلی کی معاونت کے لیے، جنرل اسمبلی نے 2018 کی کلاس کے طالب علم کے لئے عارضی گریجویشن آپشن کی منظوری دی ہے۔ **حالیہ قانون سازی میں 2019 اور 2020 کی کلاسوں کو اضافی گریجویشن کے اختیارات کو توسیع دی گئی ہے، جیسا کہ ذیل میں ہے۔**

براہ کرم نوٹ کریں، ریاستی قانون نے 2020 کی کلاس کے دستیاب معیار و طریقہ کار کو بہتر کیا ہے اور جبکہ تمام اصل معیار و طریقہ کار 2020 کی کلاس کے طالبعلموں کو دستیاب نہیں ہیںڈیپارٹمنٹ کو قوی توقع ہے کہ زیادہ تر طلباء موجودہ تین پاتھ‌ویز میں سے کسی ایک کے تقاضوں پر پورا اتریں گے، اور اضلاعات کو طلباء لازماً طلبہ کے ساتھ کام کرنا، جبتکہ مناسب ہو، جاری رکھنا چاہیے تاکہ مطلوبہ تقاضوں کی تکمیل کی جا سکے۔ یہ اختیار اُن طلبہ کے لیے ایک موقع فراہم کرتے ہیں، جو بصورت دیگر موجودہ گریجوایشن کے تین پاتھ‌ویز میں کسی ایک ہی کی ضروریات پوری کرسکتے ہیں، تاکہ وہ ایک ڈپلومہ حاصل کرسکیں۔

2020 کی کلاس کے لیے گریجویشن کے دو اضافی آپشنز یہ ہیں:

اختیار 1

1 جولائی، 2016 اور 30 جون، 2017 کے درمیان گریڈ 9 میں داخل ہونے والے طالب علم، درج ذیل نظرثانی کردہ گریجویشن آپشنز کو استعمال میں لانے کے اہل ہیں۔ طالب علموں کو لازماً بنیادی کریکولم ضروریات کے مطابق تمام کورسز لینے اور پاس کرنے ہوں گے اور کورس-کے-اختتام پر تمام سات ایگزامز لینا ہوں گے۔ اگر کوئی طالب علم ریاضی یا انگلش لینگویج آرٹس میں سے کسی ایک پر "1" یا "2" کا اسکور حاصل کرے تو، اس طالبعلم کو کم از کم ایک بار ٹیسٹ دوبارہ کرنا ہوگا۔

اضافی طور پر، آپ کو ذیل میں سے کم از کم دو مطلوبہ تقاضوں کو لازماً پورا کرنا ہو گا:

- **12ویں اور 11 ویں گریڈ کے دوران،** مکمل کردہ تمام کورسوں میں 4.0 کے پیمانہ پر ایک GPA کا 2.5 اسکور حاصل کرنا (جبکہ کم از کم چار-سالہ مدت، یا مساوی کورسز، مکمل کرنا ضروری ہے)؛
- 12ویں گریڈ کے دوران، ایک کیپسٹون پروجیکٹ مکمل کریں جو اوہائیو ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن رہنمائی اور تشخیص کاری کے عوامل کے وضاحت کردہ معیار پر پورا اترتا ہو(**رہنمائی 31 مئی، 2019 کو دستیاب ہو گی**)؛
- 12ویں گریڈ کے دوران، کُل 120 گھنٹوں پر مشتمل کوئی کام یا کمیونٹی سروس کا تجربہ مکمل کرنا ہوگا، جس کی وضاحت اوہائیو ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اور گورنر برائے ورک فورس ٹرانسفورمیشن (**رہنمائی 31 مئی، 2019 کو دستیاب ہو گی**) کے مطابق تکمیل کی جائے گی؛
- ہائی اسکول کے دوران، کسی بھی وقت تین یا اس سے زائد کالج کریڈٹ پلس حاصل کرنا ہوں گے؛
- ہائی اسکول کے دوران کسی بھی وقت، ایڈوانس پلیسمنٹ (AP) یا انٹرنیشنل بیکیولریٹ (IB) کے کورس کے لیے کوئی ایک کریڈٹ حاصل کریں اور ایک AP ایگزام میں 3 یا زیادہ کا اسکور حاصل کریں یا IB ایگزام میں 4 یا زیادہ کا اسکور حاصل کریں؛
- ہر تین ٹیسٹ سیکشنوں پر ایک ورک-کیز ایگزام میں 3 کا اسکور حاصل کریں؛
- ایک اسٹیٹ بورڈ-منظورشدہ انڈسٹری-تسلیم شدہ سند یا اسناد، جو کہ کم از کم تین پوائنٹس کے مساوی ہو، حاصل کریں؛
- اوہائیو-مینز جابز ریڈینس سیل کی ضروریات پوری کریں۔

اختیار 2

آپ کو اپنے کریکولم کی ضروریات پوری کرنے کے لیے لازماً ٹیسٹ لینے اور پاس کرنا ہوں گے اور کورس-کے-اختتام پر، تمام سات امتحانات لینے ہوں گے۔ طالب علموں کو ایک کیریئر-ٹیکنیکل پروگرام لازماً مکمل و ختم کرنا ہے جس میں کم از کم چار کورسز ایک سنگل کیریئر پاتھ‌وے پر شامل ہے اور ذیل میں سے **کم از کم ایک** آپشن مکمل کرنا ہے:

- تمام کیریئر-ٹیکنیکل ایگزامز یا ٹیسٹ موڈیولز پر مبنی کوئی مہارت یا بہتر معیار کا مجموعی اسکور حاصل کرنا؛
- کسی انڈسٹری سے تسلیم شدہ کریڈنشیئل یا کُل 12 پوائنٹس کے مساوی کریڈینشیلز (اسناد) حاصل کرنا؛
- مثبت تشخیصی شواہد کے ساتھ، کسی کام کی جگہ پر 250 گھنٹوں پر مشتمل کام کا تجربہ، مکمل کرنا۔



اپنی گریجویشن اور مستقبل کی کامیابی کی رہنمائی کے لیے اپنے اسکول کاؤنسلر سے اسکول سال کے ابتدا ہی میں جلد بات کریں۔

سوالات؟

اگر آپ کے پاس گریجویشن کی ضروریات کے بارے میں سوالات ہیں، تو 1317-466 (614) کال کریں یا gradrequirements@education.ohio.gov پر ای میل کریں۔

Ohio | Department of Education

دسمبر 2018